## GULF SAHODAYA (SAUDI CHAPTER)

## SUMMATIVE ASSESSMENT-2 , MARCH 2015

SUB: URDU (Course-B) M.M:90

CLASS:IX TIME:3 HRS

### حصّہ - الف

۱- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دئیے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 5

نظیر اکبر آبادی کا نام ولی محمد تھا۔ دہلی میں پیدا ہوئے تھے لیکن ساری عمر آگرہ میں بسر کی جسے اس وقت زیادہ تر اکبر آباد کہا جاتا تھا۔ نظیر اپنے آپ کو ہمیشہ آگرہ کا ہی سمجھتے رہے۔ اور اُسی کے گیت گاتے رہے۔ آگرے میں ان کا کام لڑکوں کو پڑھانا تھا۔ لالہ بلاس رائے کے کئی لڑکے ان سے فارسی پڑھتے تھے۔ نظیر نے اس زمانے کی عام دلچسپی کو دیکھتے ہوئے غزلیں بھی بہت کہی ہیں مگر ان کا کمال روزمرّہ کی زندگی سے متعلق واقعات اور تجربات پر نظمیں لکھنے میں ظاہر ہوتا ہے۔ انھوں نے بچوں کی زندگی اور کھیل کود کے بارے میں بہت سی دلچسپ نظمیں لکھی ہیں۔ انھوں نے ہولی، دیوالی، عید، شب برأت، محرم، پیراکی کے میلے پر نظمیں تیار کی ہیں۔ مسلمان مذہبی بزرگوں کے علاوہ گرونانک، مہادیو جی، کرشن کنہیا پر بہت سی نظمیں لکھی ہیں۔ نظیر ہندوستانی زندگی کے نہ جانے کتنے پہلوؤں اور کتنی چیزوں سے واقف تھے۔ اس کا سبب یہ تھا کہ وہ عام لوگوں کے درمیان میں رہتے تھے اور دکھ سکھ میں شریک تھے۔

(i) نظیر اکبر آبادی کا نام تھا۔

(a) محمد علی (b) ولی محمد (c) احمد ولی (d) ولی احمد

(ii) نظیر اکبر آبادی لالہ بلاس رائے کے لڑکوں کو پڑھاتے تھے ۔
(a) اردو (b) ہندی (c) فارسی (d) سنسکرت

(iii) نظیر اکبر آبادی کہاں پیدا ہوئے؟
(a) دہلی میں (b) بنارس میں (c) اکبر آباد میں (d) عظیم آباد میں

(iv) نظیر اکبر آبادی کیا کام کرتے تھے؟
(a) تجارت کرتے تھے (b) شاعری کرتے تھے
(c) لڑکوں کے ساتھ کھیلتے تھے (d) ان میں سے کچھ نہیں

(v) نظیر اکبر آبادی نے نظمیں لکھی ہیں ۔
(a) مسلمانوں کے متعلق (b) ہندوؤں کے متعلق
(c) سرداروں کے متعلق (d) ان میں سے سبھی کے متعلق

2 - درج ذیل اشعار کو پڑھیے اور ان سے متعلق دئیے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے ۔ 5

یہاں پال رکھی تھی ایک اس نے بلّی
بندھی رہتی تھی جو گھر میں بھوکی پیاسی
خبر اس کی پہروں نہ لیتی تھی بڑھیا
اسے کھانا پینا نہ دیتی تھی بڑھیا
نتیجہ یہ ہے بے زبان پر جفا کا
کہ نازل ہوا اس پر قہر خدا کا
جو انسان ستم بے زبان پر کرے گا
کرم اس پر اللہ کمتر کرے گا

(i) بلّی کس نے پال رکھی تھی؟
(a) بوڑھی عورت نے (b) بوڑھے مرد نے
(c) جوان لڑکے نے (d) چھوٹی بچی نے

(ii) اس بند میں جس بلّی کا ذکر ہے اس کے ساتھ کیسا سلوک کیا جاتا تھا؟
(a) بلّی کو گھر میں نہیں گھسنے دیا جاتا تھا (b) بلّی کو چوہے پکڑنے سے روکا جاتا تھا
(c) بلّی کو زبردستی کھانے پر مجبور کیا جاتا تھا (d) بلّی کو کھانا پینا نہیں دیا جاتا تھا۔

(iii) جو لوگ بے زبان جانوروں کو ستاتے ہیں۔

(a) اللہ انھیں ڈھیل دیتا ہے (b) اللہ ان سے خوش ہوتا ہے

(c) اللہ ان پر قہر نازل کرتا ہے (d) اللہ ان پر رحمت نازل کرتا ہے

(iv) گھر میں کس کو بھوکا پیاسا باندھ کر رکھا گیا تھا؟

(a) عورت کو (b) بلّی کو

(c) لڑکی کو (d) بکری کو

(v) نظم کے ان اشعار کے ذریعے شاعر کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

(a) جانوروں سے خوش ہونا چاہیے۔ (b) جانوروں کو گھر سے دور رکھنا چاہیے۔

(c) جانوروں کا خیال رکھنا چاہیے۔ (d) جانوروں کے ساتھ بُرا سلوک کرنا چاہیے۔

## حصّہ ۔ 'ب'

3- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 10

(i) ایک یادگار دن (ii) میرا پسندیدہ تہوار

(iii) میرے والدین (iv) تعلیم کی اہمیت

4- اپنے اسکول پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔

8 ۔ یا ۔

اپنے دوست یا سہیلی کو چھٹیوں میں گھر آنے کی دعوت دیتے ہوئے ایک خط لکھیے، ساتھ میں ایک ہفتہ ساتھ تفریح کرنے کا پورا پروگرام بھی لکھیے۔

## حصّہ ۔ 'ج'

5- تشبیہ یا استعارہ کی تعریف لکھیے اور دو مثالیں بھی دیجیے۔ 4

6- درج ذیل محاوروں اور ضرب الامثال سے جملے بنائیے۔ (صرف چار) 4

(i) جان میں جان آنا (ii) وہی مرغے کی ایک ٹانگ

(iii) اپنے منہ میاں مٹھو بننا (iv) تھالی کا بیگن

(v) چٹ منگنی پٹ بیاہ (vi) آنکھ لگنا

۷- درج ذیل الفاظ کے مترادف الفاظ لکھیے۔ 5

سیر ، جنگ ، قدر ، آب ، شور
ظلم ، رنج ، رسم ، شان ، خط

۸- درج ذیل لفظوں کے متضاد الفاظ لکھیے۔ 5

لائق ، جاہل ، جنگ ، پرانا ، مخالف
بھلائی ، زندگی ، نزدیک ، بلندی ، خسارہ

۹- درج ذیل لفظوں کے واحد جمع بنائیے۔ 5

ممالک ، روایت ، آفات ، تکالیف ، اِتّفاقات
حکایت ، وقت ، لطائف ، مصروفیت ، نصیحت

۱۰- درج ذیل لفظوں سے مذکر اور مونث چھانٹ کر لکھیے۔ 5

گلی ، حال ، گنبد ، راحت ، جہاز
تھیلی ، غذا ، دیوار ، سانپ ، لکڑہارا

## حصّہ - 'د'

۱۱- درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق سوالات کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 7

وقت ریل سے زیادہ تیز ہے ، ہوا سے بڑھ کر اُڑنے والا ، بجلی سے سِوا بھاگنے والا اور دبے پاؤں نکلا جاتا ہے کہ خبر نہیں ہوتی۔ صبح ہوئی ، سو کر اُٹھے جب تک معمولی ضرورتوں سے فراغت حاصل کرو ، ذرا ناشتہ وغیرہ کھاؤ پیو ، پھر دن چڑھ آیا - پھر گھڑی دو گھڑی اِدھر اُدھر اُٹھے بیٹھے ، گپ شپ اُڑائی تو دس بجنے کو آئے - مدرسہ جانے کو دیر ہوتی ہے - جلد کھایا پیا ، مدرسے گئے - وہاں دوستوں سے ہنسی مذاق کرتے رہے - استاد کی تاکید سے دو ایک مرتبہ بُری بھلی طرح سبق پڑھا ، چلو شام ہوئی - دن رخصت ہوا ، گھر آئے تو پھر کھانے کو سوجھی ، کھانا کھانے سے کسل پیدا ہوا ، ذرا

لیٹے تو پھر صبح موجود، کام تو کچھ بھی نہ ہوا، لیکن چوبیس گھنٹے گزرتے ہوئے معلوم نہ ہوئے اور ایک چوبیس گھنٹے کیا، ایسے ایسے صدہا ہزاروں چوبیس گھنٹے اسی طرح گزر جاتے ہیں۔

(i) اس اقتباس کے مصنف کون ہیں؟

(a) پروفیسر محمّد مجیب (b) احمد جمال پاشاہ

(c) فرقت کاکوروی (d) ڈپٹی نذیر احمد

(ii) کیا دبے پاؤں نکلا جاتا ہے کہ خبر نہیں ہوتی؟

(a) ریل (b) ہوا

(c) بجلی (d) وقت

(iii) گپ شپ اُڑانے کا کیا مطلب ہے؟

(a) اہم اور کام کی باتیں کرنا (b) غیر اہم باتیں کرنا

(c) کسی کی تعریف کرنا (d) کبوتر اور چڑیاں اُڑانا

(iv) دن کب رخصت ہوتا ہے؟

(a) رات ہونے کے بعد (b) شام ہونے کے بعد

(c) صبح ہونے کے بعد (d) دوپہر ہونے کے بعد

(v) 'صدہا ہزاروں' سے کیا مراد ہے؟

(a) سدا ہزاروں (b) ایسے ہزاروں

(c) سیکڑوں ہزاروں (d) سو سیکڑوں ہزاروں

(vi) مدرسے میں کیا کیا کام کئے؟

(a) دوستوں سے مذاق اور سبق پڑھا (b) کھیلے کودے اور کمپیوٹر پروگرام دیکھا

(c) دوستوں سے جھگڑا کیا (d) استاد کی دی گئی سزا میں کھڑے رہے

(vii) دن بھر کے چوبیس گھنٹوں میں کون سی اہم بات نہ ہوئی؟

(a) اچھی طرح کھانا پینا نہ ہوا (b) کھانے کے بعد سوئے نہیں

(c) کوئی حادثہ نہ ہوا (d) کام تو کچھ بھی نہ ہوا

- یا -

ہمارے عہد میں سائنس کی مدد سے جو بڑی بڑی ایجادیں ہوئی ہیں اُن میں سے ایک اہم ایجاد مصنوعی سیارہ بھی ہے۔ مصنوعی سیارہ دھات کا بنا ہوا ایک طرح کا دو یا تین منزلہ مکان ہوتا ہے۔ اس میں مختلف کاموں کے لیے سائنسی آلات لگائے جاتے ہیں۔ اِسے زمین کی قوتِ کشش کے اصولوں کی روشنی میں بنایا گیا ہے۔ مصنوعی سیارے کو راکٹ کی مدد سے خلا میں بھیجا جاتا ہے۔ راکٹ آتش بازی کی "ہوائی" جیسا ہوتا ہے اور اُسی طرح کام بھی کرتا ہے۔ مصنوعی سیارے کو خلا میں بھیجنے کے لیے دو یا تین منزلہ راکٹ استعمال کئے جاتے ہیں۔ جب پہلی منزل کا ایندھن ختم ہوجاتا ہے تو وہ کٹ کر گر جاتی ہے اور دوسری منزل اپنا کام شروع کر دیتی ہے۔ راکٹ کے ایندھن میں اتنی توانائی ہوتی ہے کہ وہ مصنوعی سیارے کو زمینی کشش کی حد سے باہر خلا میں پہنچا دیتا ہے۔ پھر زمینی مرکز سے سائنس داں اِسے خلا میں مناسب جگہ نصب کر دیتے ہیں۔

(i) مصنوعی سیارہ کس چیز کا بنا ہوتا ہے؟

(a) لکڑی کا (b) پلاسٹک کا

(c) دھات کا (d) کانچ کا

(ii) مصنوعی سیارے کو کس کی مدد سے خلا میں بھیجا جاتا ہے؟

(a) راکٹ کی (b) ہوائی جہاز کی

(c) آتش بازی کی (d) ٹرین کی

(iii) خلا میں مصنوعی سیارے کو کہاں نصب کیا جاتا ہے؟

(a) چاند کے قریب (b) ستاروں کے درمیان

(c) سورج کے نزدیک (d) مناسب جگہ پر

(iv) یہاں "کششِ زمین" سے کیا مراد ہے؟

(a) زمین کی کشش جو ہر شئے کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔

(b) زمین کے اندر موجود وہ کشش، جو ہر چیز کو باہر کی طرف کھینچتی ہے۔

(c) زمین کے اندر موجود وہ کشش، جو ہر چیز کو بڑا کر دیتی ہے۔

(d) زمین کی وہ کشش جو سب کچھ ختم کر دیتی ہے۔

(v) "مصنوعی سیارہ" کا کیا مطلب ہے؟

(a) قدرتی ستارہ (b) بناوٹی ستارہ

(c) راکٹ (d) ہوائی جہاز

(vi) مصنوعی سیارے کو خلا میں بھیجنے کے لیے کتنے منزلہ راکٹ استعمال کئے جاتے ہیں؟

(a) دو یا تین (b) ایک یا دو

(c) تین یا چار (d) صرف تین

(vii) لفظ 'نصب کرنا' کا مطلب ہے ---

(a) کھڑا کرنا (b) لگانا

(c) قائم کرنا (d) مذکورہ تینوں جواب درست ہیں۔

12- مُلّا نصرالدّین کی شخصیت آپ کو کیسی لگی؟ ایک پیراگراف میں جواب تفصیل سے لکھیے۔ 7

- یا -

گاؤں پنچایت پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

13- دئیے گئے سوالات میں سے صرف دو سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ 4

(i) ڈیونان کو ریڈ کراس سوسائٹی قائم کرنے کا خیال کیوں پیدا ہوا؟

(ii) سبق "سندباد جہازی کا ایک سفر" سے آپ نے کیا سیکھا؟

(iii) سبق "تنکا تھوڑی ہوا سے اُڑجاتا ہے" سے آپ کو کیا سبق ملتا ہے؟

(iv) مقولہ 'وہی مرغے کی ایک ٹانگ' کا کیا مطلب ہے؟ مرغ کی دوسری ٹانگ نکلنے پر خانساماں نے صاحب سے کیا کہا؟

14- درج ذیل اشعار کو پڑھیے اور ان سے متعلق سوالوں کے دئیے گئے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 6

کتنی راحت فزا ہوا ہے
گویا جنّت کا دَر کھُلا ہے

خوش خوش ہر ایک آدمی ہے
ہر شئے میں بلا کی دلکشی ہے
یہ صبح کا دلفریب منظر
یہ شام کا حُسن، روح پرور
یہ رات کو چاندنی کا عالم
اللہ رے بےخودی کا عالم
کیسی دلچسپ چاندنی ہے
چادر اِک نور کی تنی ہے
ہر دل میں اُمنگ کس قدر ہے
سب پر ہی بہار کا اثر ہے

(i) یہ اشعار کس نظم کے ہیں؟
(a) ہندو مسلمان (b) چھٹی کا دن
(c) دوہے (d) بہار کے دن

(ii) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟
(a) افسر میرٹھی (b) کبیر
(c) اسمٰعیل میرٹھی (d) حامد حسن قادری

(iii) ہر آدمی خوش کیوں ہے؟
(a) کیوں کہ چاندنی چٹکی ہوئی ہے (b) کیوں کہ ہوا بہت تیز چل رہی ہے
(c) صبح کا منظر بہت دلکش ہے (d) کیونکہ سب کو بہار کا موسم بہت متاثر کر رہا ہے۔

(iv) 'چادر اِک نور کی تنی ہے' اس مصرعے میں کس صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟
(a) استعارہ (b) تشبیہ
(c) تضاد (d) مبالغہ

(v) شاعر کو کیوں لگ رہا ہے کہ جنت کا دروازہ کھل گیا ہے؟
(a) چاند کے نکل آنے سے (b) بارش کے ہونے سے
(c) خوش کرنے والی ہوا سے (d) کسی کے دروازہ کھولنے سے

(vi) لفظ 'دل فریب' کا مطلب ہے ---

(a) دل کو اچھا لگنے والا (b) دھوکا دینے والا

(c) تکلیف دینے والا (d) روح کو خوش کرنے والا

## - یا -

ماکھی گڑ میں گڑی رہے پنکھ رہے لپٹائے
ہاتھ ملے اور سر دھنے لالچ بُری بلائے

ماٹی کہے کمہار سے تو کیا روندے موہے
اِک دن ایسا آئے گا میں روندوں گی توہے

کبیرا کھڑا بجار میں لیے لُکاٹی ہاتھ
جو گھر جارے آپنا چلے ہمارے ساتھ

(i) اِن اشعار کا تعلق کس صنفِ شاعری سے ہے؟

(a) غزل (b) رباعی

(c) دوہا (d) مثنوی

(ii) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟

(a) تلسی داس (b) سنت کبیر

(c) امیر خسرو (d) جمیل الدّین عالی

(iii) مکھی کس چیز میں ہاتھ پیر مار رہی تھی؟

(a) گڑ میں (b) گھی میں

(c) دودھ میں (d) چائے میں

(iv) لفظ 'لُکاٹی' کا مطلب ہے؟

(a) آگ (b) لوہا

(c) مٹّی (d) لکڑی

(v) 'روندنا' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(a) پیروں سے دبانا، کچلنا (b) ہاتھوں سے ملنا

(c) منھ سے کھینچنا (d) رونا

(vi) 'جو گھر جارے آپنا چلے ہمارے ساتھ' میں شاعر نے عمر کے کس دور کا ذکر کیا ہے؟

(a) بچپن (b) جوانی

(c) بڑھاپا (d) تینوں بھی

15- نظم "چھٹی کا دن" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تفصیل سے لکھیے۔ 6

- یا -

شاعر سنت کبیر کے بارے میں ایک پیراگراف تفصیل سے لکھیے۔

16- درج ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جوابات لکھیے۔ 4

(i) علم سے دماغ کس طرح روشن ہوتا ہے؟

(ii) بہار کے زمانے میں باغ کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

(iii) کھیل ہمارے لیے کیوں ضروری ہے؟

(iv) بڑا ہوا تو کیا ہوا جیسے پیڑ کھجور
پنتھی کو چھایا نہیں پھل لاگے اَتی دور

اس دوہے میں شاعر نے کیا بات کہی ہے؟

- ختم شد -